ادائیگی کا موقع نصیب ہوتا ہے۔ اس لیے عام طور پر مسلمان اس کے احکام و آداب سے واقف نہیں ہوتے۔ مولانا مفتی محمد طاہر مسعود نے نہایت آسان زبان میں عمرہ کے احکام کو حسنِ ترتیب سے مدوّن کیا ہے۔ شیخ المشائخ حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کی رائے گرامی کتاب میں شامل ہے، جس سے اس کتاب کی اہمیت دو چند ہوگئی ہے۔ "المیزان" نے طباعت کے بہترین معیار کے ساتھ اسے شائع کیا ہے۔ بہت ہی مفید کتاب ہے۔

● **ماہنامہ "مسیحائی" کراچی۔ ہادیٔ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نمبر**	مدیر: مخدوم زادہ خیر الدین انصاری

ضخامت: ۲۵۸ صفحات۔ زرِ سالانہ ۳۰۰ روپے۔ موجودہ اشاعتِ خاص ۲۵۰ روپے

ملنے کا پتا: ۱۹۷۔ بی بلاک اے، شمالی ناظم آباد کراچی، ۷۴۷۰۰

جناب احمد خیر الدین انصاری باذوق اہلِ قلم میں سے ہیں۔ ماہنامہ مسیحائی کی خصوصی اشاعتوں کے ذریعے قارئین کے لیے علم و عرفان کے موتی لٹاتے رہتے ہیں۔ اس سے قبل قرآن نمبر، سیرت نمبر اور کئی خصوصی اشاعتوں کا اہتمام کر چکے ہیں۔ زیرِ نظر شمارہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر بہترین تحریروں اور نعتوں کا خوبصورت مجموعہ ہے۔ اس خصوصی اشاعت کی ترتیب و تدوین محترم ڈاکٹر حافظ محمد ثانی نے کی ہے۔ ان تحریروں کو پڑھ کر ایمان کو جلا ملتی ہے، قلوب و اذہان منور ہوتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے محبت اور آپ کی سیرت طیبہ سے متعلق معلومات میں بے بہا اضافہ ہوتا ہے۔ خوبصورت سرورق اور کتابت و طباعت معیاری ہے۔ البتہ ڈاکٹر طاہر القادری کے ادارہ کے چار رنگے اشتہار اور دیگر اشتہارات ملنے کے بعد نیوز پیپر پر اشاعت اور پھر قیمت ۲۵۰ روپے نامناسب ہے۔

● **"اللہ وحدہ لاشریک لہ اور خدا"**	مؤلف: رشید اللہ یعقوب	ضخامت: ۲۷۲ صفحات، ہدیہ: صدقہ جاریہ

ناشر: رحمۃ للعٰلمین ریسرچ سینٹر، مکان نمبر ۸، زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳ زمزمہ، کلفٹن کراچی ۷۶۰۰۔ فون: ۰۲۱-۳۵۸۷۷۵۶۱

جناب رشید اللہ یعقوب تحقیق کی دنیا میں معروف نام ہے۔ متعدد دینی کتابوں کے مؤلف ہیں۔ "اللہ وحدہ لاشریک لہ" ان کی معروف کتاب ہے جو اللہ رب العٰلمین، خدا، یا God" کا اضافہ شدہ ایڈیشن ہے۔ مؤلف کا یہ خاص موضوع ہے اور اس پر انھوں نے بہت تحقیق کی ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق اللہ تعالیٰ کو اللہ کے اسم پاک سے ہی لکھا اور بولا جائے۔ لفظ "خدا" یا "گاڈ God" اللہ کا مصداق نہیں۔ "خدا" کے لفظ پر اجماع بھی نہیں۔ انھوں نے قرآن و حدیث، سیرت، فقہ اور فتاویٰ کے ہزاروں صفحات کھنگال کر یہ تحقیق کی ہے۔ پہلے ایڈیشن میں انھوں نے صرف اپنا مؤقف پیش کیا تھا لیکن زیرِ تبصرہ اضافہ شدہ کتاب کی خوبی یہ ہے کہ لفظ "خدا" کے حق میں جن علماء نے دلائل دیے ہیں اسے بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ جناب رشید اللہ یعقوب کے دلائل اتنے وزنی ہیں کہ قاری ان کے مؤقف کو درست تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یعنی اللہ کو اللہ تعالیٰ کہنا ہی افضل ہے۔ کوئی بات بے حوالہ اور بے سند نہیں۔ مؤلف اس کتاب کو فروخت نہیں کرتے۔ ہزاروں کی تعداد میں شائع کر کے تقسیم کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی قبول فرمائے (آمین) (تبصرہ سید عطاء المنان بخاری)